تعلیم نہیں ہونی چاہیے۔ کیونکہ لڑکیاں مشترکہ تعلیمی اداروں کے مقابلہ میں گرلز کالجوں میں زیادہ بہتر تعلیمی زندگی سے لطف اندوز ہو سکتی ہیں۔" فاعتبروا یا اولی الابصار"

قصص القرآن ندوۃ المصنفین کی مقبول ترین کتابوں میں سے ہے اس کے دو حصے شائع ہو چکے تھے۔ اب تیسرا حصہ بھی پریس سے چھپ کر آ گیا ہے۔ کتاب کے اس حصہ میں انبیا علیہم السلام کے واقعات کے علاوہ باقی قصص قرآنی اور تاریخی واقعات کی مکمل تشریح و تفسیر کی گئی ہے۔ فہرستِ مضامین کا ایک حصہ ملاحظہ فرمائیے۔

اصحاب الجنۃ۔ مومن و کافر۔ اصحاب القریہ یا اصحاب یٰسین۔ حضرت لقمانؑ۔ اصحاب سبت اصحاب الرس۔ بیت المقدس اور یہود۔ ذو القرنین۔ اصحاب الکہف والرقیم۔ سبا اور سیلِ عرم، اصحاب الاخدود یا قومِ تبع۔ اصحاب الفیل۔ صفحات ۴۰۰ بڑی تقطیع قیمت للعہ مجلد صہ

۴۴ء کے سٹ میں مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی کی کتاب نظامِ تعلیم و تربیت کے دوسرے حصہ کی کتابت بھی کئی مہینے ہوئے مکمل ہو گئی تھی۔ اب آج کل یہ طباعت کے مرحلوں سے گذر رہی ہے۔

حد سے زیادہ گرانی کے باعث اب شروع ۴۵ء سے مجبوراً معاونین کی سالانہ فیس بجائے ۱۲ روپے کے ۱۸ روپے اور احباء کی فیس ۶ روپے کی بجائے ۹ روپے کر دی گئی ہے۔ ازراہِ کرم ہمارے احبار اور معاونین اسے نوٹ کر لیں اور دفتر سے یاددہانی کے خط کا انتظار کئے بغیر اپنی سالانہ فیسیں خود روانہ کر دیں تو بہتر ہے۔ محسنین کی فیس میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔

اس اشاعت سے مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی کا ایک اہم مقالہ "تدوینِ فقہ" شائع ہو رہا ہے۔ یہ مقالہ جامعہ عثمانیہ کے مجلۂ تحقیقات کی تازہ اشاعت میں چھپ چکا ہے لیکن اس مجلہ کی اشاعت نہایت محدود ہے اس لئے ہم افادۂ عام کے خیال سے برہان میں چھاپ رہے ہیں۔